اَلنَّبَا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

عَمَّ یَتَسَآءَلُوۡنَ ۚ ﴿۱﴾	کس چیز کی نسبت یہ لوگ پوچھتے ہیں ۔
عَنِ النَّبَاِ الۡعَظِیۡمِ ۙ ﴿۲﴾	کیا اس خبر کی نسبت جو بہت بڑی ہے ۔
الَّذِیۡ ہُمۡ فِیۡہِ مُخۡتَلِفُوۡنَ ؕ ﴿۳﴾	وہ (چیز) یہ جس میں اختلاف کر رہے ہیں ۔
کَلَّا سَیَعۡلَمُوۡنَ ۙ ﴿۴﴾	ہرگز نہیں ۔ یہ عنقریب جان لیں گے ۔
ثُمَّ کَلَّا سَیَعۡلَمُوۡنَ ﴿۵﴾	پھر ہرگز نہیں ۔ یہ عنقریب جان لیں گے ۔
اَلَمۡ نَجۡعَلِ الۡاَرۡضَ مِہٰدًا ۙ ﴿۶﴾	کیا نہیں ہم نے بنایا زمین کو بچھونا ۔
وَّ الۡجِبَالَ اَوۡتَادًا ۪ۙ ﴿۷﴾	اور پہاڑوں کو (اس کی) میخیں ۔
وَّ خَلَقۡنٰکُمۡ اَزۡوَاجًا ۙ ﴿۸﴾	اور ہم نے پیدا کیا تم کو جوڑا جوڑا ۔

وَّجَعَلۡنَا نَوۡمَكُمۡ سُبَاتًا ۙ﴿۹﴾	اور بنایا ہم نے تمہاری نیند کو موجب آرام ۔
وَّجَعَلۡنَا الَّيۡلَ لِبَاسًا ۙ﴿۱۰﴾	اور بنایا ہم نے رات کو پردہ ۔
وَّجَعَلۡنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۖ﴿۱۱﴾	اور بنایا ہم نے دن کو معاش کے لئے ۔
وَّبَنَيۡنَا فَوۡقَكُمۡ سَبۡعًا شِدَادًا ۙ﴿۱۲﴾	اور بنائے ہم نے تمہارے اوپر سات مضبوط (آسمان) ۔
وَّجَعَلۡنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۖ ۙ﴿۱۳﴾	اور بنایا ہم نے آفتاب کا چراغ روشن ۔
وَّاَنۡزَلۡنَا مِنَ الۡمُعۡصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۙ﴿۱۴﴾	اور برسایا ہم نے نچڑتے بادلوں سے مینہ موسلا دھار ۔
لِّنُخۡرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّ نَبَاتًا ۙ﴿۱۵﴾	تاکہ ہم پیدا کریں اس سے اناج اور نباتات ۔
وَّجَنّٰتٍ اَلۡفَافًا ؕ﴿۱۶﴾	اور باغات گھنے ۔
اِنَّ يَوۡمَ الۡفَصۡلِ كَانَ مِيۡقَاتًا ۙ﴿۱۷﴾	بیشک فیصلے کا دن ہے مقرر ۔
يَّوۡمَ يُنۡفَخُ فِي الصُّوۡرِ فَتَاۡتُوۡنَ اَفۡوَاجًا ۙ﴿۱۸﴾	جس دن پھونکا جائے گا صور میں تو تم آموجود ہو گے فوج در فوج ۔

وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ۙ ﴿١٩﴾	اور کھولا جائے گا آسمان تو اس میں ہو جائیں گے دروازے ۔
وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ؕ ﴿٢٠﴾	اور چلائے جائیں گے پہاڑ تو وہ ہو جائیں گے ریت ۔
اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۙ ﴿٢١﴾	بیشک دوزخ ہے گھات میں ۔
لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ۙ ﴿٢٢﴾	سرکشوں کیلئے ٹھکانہ ۔
لّٰبِثِيْنَ فِيْهَاۤ اَحْقَابًا ۚ ﴿٢٣﴾	پڑے رہیں گے اس میں صدیوں ۔
لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ۙ ﴿٢٤﴾	نہ چکھیں گے مزہ اس میں ٹھنڈک کا اور نہ ہی پینے کی کچھ چیز کا۔
اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ۙ ﴿٢٥﴾	مگر کھولتا پانی اور بدبودار پیپ۔
جَزَآءً وِّفَاقًا ؕ ﴿٢٦﴾	یہ بدلہ ہے (انکے اعمال کے) موافق۔
اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ۙ ﴿٢٧﴾	بیشک یہ امید نہیں رکھتے تھے حساب کی ۔
وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ؕ ﴿٢٨﴾	اور جھٹلاتے تھے ہماری آیتوں کو جھوٹ جیسا۔

وَكُلَّ شَیۡءٍ اَحۡصَیۡنٰهُ كِتٰبًا ۙ﴿۲۹﴾	اور ہر چیز کو ہم نے محفوظ کر رکھا ہے لکھ کر۔
فَذُوۡقُوۡا فَلَنۡ نَّزِيۡدَكُمۡ اِلَّا عَذَابًا ﴿۳۰﴾ؑ	سو اب مزہ چکھو۔ پس ہرگز نہیں ہم بڑھاتے جائیں گے تم پر مگر عذاب ہی۔
اِنَّ لِلۡمُتَّقِيۡنَ مَفَازًا ۙ﴿۳۱﴾	بیشک پرہیزگاروں کے لئے کامیابی ہے۔
حَدَآئِقَ وَاَعۡنَابًا ۙ﴿۳۲﴾	باغ اور انگور۔
وَّكَوَاعِبَ اَتۡرَابًا ۙ﴿۳۳﴾	اور بھرپور جوان ہم عمر (عورتیں)۔
وَّكَاۡسًا دِهَاقًا ؕ﴿۳۴﴾	اور جام شراب کے چھلکتے ہوئے۔
لَا يَسۡمَعُوۡنَ فِيۡهَا لَغۡوًا وَّلَا كِذّٰبًا ۚ﴿۳۵﴾	نہ سنیں گے وہاں بیہودہ بات اور نہ جھوٹ۔
جَزَآءً مِّنۡ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ۙ﴿۳۶﴾	صلہ تمہارے رب کی طرف سے انعام حساب کے مطابق۔
رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ مَا بَيۡنَهُمَا الرَّحۡمٰنِ لَا يَمۡلِكُوۡنَ مِنۡهُ خِطَابًا ۚ﴿۳۷﴾	رب آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے۔ بڑا مہربان ہے۔ نہیں اختیار ہوگا ان کو اس سے بات کرنے کا۔

يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝۳۸	جس دن کھڑے ہوں گے جبریل اور فرشتے صف باندھ کر۔ تو نہ بول سکیں گے مگر جسکو اجازت بخشے رحمٰن اور وہ کہے بات بھی درست ہی۔
ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ۝۳۹	یہ دن برحق ہے۔ پس جو شخص چاہے بنا لے اپنے رب کے پاس ٹھکانہ۔
اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ ۖ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ۝۴۰	بیشک ہم نے آگاہ کر دیا ہے تمکو عذاب سے جو عنقریب آنے والا ہے۔ جس دن دیکھ لیگا ہر شخص وہ جو آگے بھیجا ہوگا اس کے ہاتھوں نے اور کہے گا کافر کہ کاش میں ہوتا مٹی۔